| Barelvi Mazhab Aik Ganda Gustaakh Mazhab hai |

>

بحمدہ تعالیٰ

یہ رسالہ ہمہ تن افادہ نافع مجالہ باطل و اہل باطل کی حقیقت کھولنے والا حق کو جگمگانے والا آفتاب کی طرح روشن بنانے والا اہل بطالت کے عذر عاطل و لاطائل کو فنا کرنے والا کتاب نفیس و جلیل و مبارک مسمّٰی بنام تاریخی

الطاری الداری لھفوات عبد الباری

۱۳۳۹ھ کا

حصہ دوم

مؤلفہ حضرت مولٰنا مولوی ابوالبرکات آل الرحمٰن محمد مصطفےٰ رضا خاں صاحب قادری برکاتی نوری دامت برکاتہم العالیہ

بصرف زر جماعت مبارکہ رضائے مصطفےٰ بریلی

باہتمام جناب مولٰنا مولوی حاجی محمد حسنین رضا خاں صاحب مدظلہم

حسنی پریس بریلی میں طبع ہوا

بار اول ۵۰۰ جلد — علاوہ محصولڈاک — قیمت ۸/

>

خیال ہے کہ جناب نے اسلام برائے نام لکھنے کا جو الزام دیا ہے وہ محمد میاں صاحب
مارہروی کی تحریر سے شاید اخذ کیا ہے اگر جناب نے ایسا کیا ہے تو میں
عرض کرونگا کہ یہ اُس عبارت کا مقصد میں نے نہیں لیا ہے بلکہ میں نے
کمال ایمان کی ندرت پر جو کچھ لکھا ہے وہ لکھا ہے اب غور کے بعد
یہ خیال آتا ہے کہ اُس سے اس طرح توبہ کرسکتا ہوں کہ عبارت اپنی لکھوں اور
اُس کے بعد لکھوں کہ اس کا مطلب اگر یہ ہے کہ جو مولوی احمد رضا خاں صاحب
نے تحریر فرمایا ہے تو میں اس سے بصدق دل توبہ کرتا ہوں۔ مولانا آپ اس کا
احساس نہیں کرسکتے کہ میری اس جسارت توبہ پر کس قدر مجھ پر چہار طرف
سے یورش ہے میں اس کو علامت قبولیت توبہ سمجھتا ہوں اللہ تعالےٰ
ثابت قدم رکھے میں نے اسی وجہ سے ایک تحریر ہمدم میں اس جنتری کے
واپس کرنے پر بھی لکھدی ہے۔ اس قدر التماس ہے کہ ہمارے اکابر نے
اعیان علمائے دیوبند کی تکفیر نہیں کی ہے اس واسطے جو حقوق اہل اسلام
کے ہیں اُن سے اُن کو بھی محروم نہیں رکھا ہے مولوی قاسم صاحب کے
نام کے خط و کتابیں ہمارے پاس موجود ہیں ہم نے یہ ارادہ کر لیا ہے
کہ اب جس کے نام کا جو لقب کسی نے ہمارے اکابر سے لکھا ہے اُسی کی
اتباع میں لکھا کرونگا اُس سے زیادتی و کمی نہ کرونگا اور اُس کے مماثل کے
لیے بھی ایسا ہی لقب لکھونگا۔ اسی طرح مجھے معلوم ہوا ہے کہ مرزا محمد تقی
خود تبرائی نہیں تھے بلکہ اُن کے دستخطی فتاوے ہیں جن میں تبرا کو وہ
منع کرتے ہیں اور اپنی کتب سے اُس کے عدم جواز کو ثابت کرتے ہیں
علاوہ ہمارے اکابر مجتہدین لکھنؤ سے جو تعلق رکھتے تھے اُس کو ہم نے
دیکھا اور برتا ہے اُن کی عبادت اُن کی دعوت اُن کی تعزیت میں

>